ایک جگہ ارشاد فرماتا ہے "وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا یعنے جو شخص گناہ کرے پھر اللہ سے معافی چاہے اللہ تعالیٰ اس کو معاف فرمائے گا اور رحم فرمائے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم اکثر یہ فرمایا کرتے: اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ اِغْفِرْلِىْ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص زیادہ اِستغفار پڑھتا رہے گا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور رنج سے خلاصی پائے گا حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا میں دن میں ستر بار استغفار پڑھتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں ترمذی میں ابو سعیدؓ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص بستر پر لیٹے ہوئے تین مرتبہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ بخشدے گا اگرچہ کہ وہ دنیا کے درختوں کے برابر ہوں۔ بخاری و مسلم شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو بندہ گناہ کرکے اَللّٰهُمَّ اِغْفِرْلِىْ کہے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرتا ہے اور بخش دیتا ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰه کے معنی یہ ہیں کہ اے اللہ مجھے بخش دے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو بخشنا چاہتا ہے اس کو اِستغفار کی توفیق دیتا ہے وہ رات دن اِستغفار پڑھتا رہتا ہے۔ مسلم شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ اتنا گناہ کرے جو آسمان تک پہنچ جائے جب تک مجھ سے بخشش مانگتا رہے گا اور بخشش کی مجھ سے اُمید رکھے گا تو اُس کو بخشتا رہوں گا۔ مسلم شریف میں حضرت

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تمہارا کوئی عمل جنّت میں لے جائے گا نہ دوزخ سے بچائے گا سوائے فضل الٰہی کے۔ بخاری و مسلم شریف میں وارد ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا انسان کا اچھا عمل کرنا اُس کے فضل و کرم کی اُمید رکھنا اللہ تعالیٰ بندۂ مومن پر مادر شفقت سے زیادہ رحیم ہے۔

دُرود شریف کی فضیلت

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَةَ مَرَّاةٍ یعنے جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ دُرود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرماتا ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا قیامت کے روز وہ شخص میرے قریب رہے گا جو مجھ پر دُرود پڑھتا رہے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو میرا نام سُنے اور مجھ پر دُرود نہ پڑھے وہ ایماندار کیلئے کیا بخیلی سے کم ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک بار دُرود بھیجتا ہے اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس بُرائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر دُرود بھیجتا ہے وہ دُرود شریف مجھ تک پہنچاتے ہیں۔ ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھ کو وظیفہ بتلایئے آپ نے فرمایا دُرود پڑھا کرو اس کے بعد عرض کیا کیا پڑھوں آپ ﷺ نے فرمایا دُرود پڑھا کرو پھر عرض کیا اس کے بعد کیا پڑھوں آپ ﷺ نے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

فرمایا دُرود پڑھا کرو حاصل یہ کہ جو بھی وقت ملے دُرود شریف پڑھنا زیادہ برکت ہے چونکہ دُرود شریف میں حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت پیدا ہوتی ہے دِل کو فرحت ہوتی ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت سے ایمانِ کامل حاصل ہوتا ہے نجات ملتی ہے۔ انوارِ احمدی میں لکھا ہے کہ جو شخص حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر دُرود پڑھتا ہے مرنے کے بعد اپنا مقام جنّت میں دیکھ لیتا ہے اور روز قیامت وہ عرش کے سایہ میں رہے گا۔ جو شخص دُرود شریف پڑھتا ہے سیدھا عرش معلیٰ تک جاتا ہے کہیں تھمتا نہیں جن فرشتوں کے پاس سے گزرتا ہے وہ سب اس کے لئے مغفرت مانگتے ہیں پھر وہ دُرود شریف حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس پہونچایا جاتا ہے۔ جو شخص دُرود شریف پڑھتا ہے جب تک فرشتے اس کی مغفرت کی دعا مانگتے رہتے ہیں زیادہ پڑھے یا کم حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کئی فرشتے پیدا کئے ہیں جو شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے اس کا سلام مجھ تک پہونچایا جاتا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

بارہ مہینوں کی فضیلت

ماہ محرم الحرام کی فضیلت

انیس الواعظین ص ۲۳۷ پر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اَکْرِمُوْا شَهْرَ اللّٰهِ الْمُحَرَّمَ یعنے محرم اللہ کا مہینہ ہے اس کی بزرگی کرو۔ ایک حدیث میں رجب کو شہر اللہ کہا گیا ہے جس نے محرم کی بزرگی کی اس کو اللہ تعالیٰ جنّت عطا کرے گا۔ اور دوزخ سے نجات دے گا۔ معبود کی عبادت میں کمر بستہ رہو رات کو قیام کرو دن کو روزہ رکھو۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا رمضان کے روزوں کے بعد محرم کے روزے سب سے افضل ہیں چونکہ یہ اللہ کا مہینہ ہے سب نمازوں میں اچھی فرضوں کے بعد محرم کی شب کی نماز ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کے مہینے کے روزے رکھتا ہے ماہ محرم کے بھی روزے رکھے کیونکہ یہ شھر اللّٰہ ہے حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس نے محرم کی پہلی تاریخ کا روزہ رکھا اس کو ایک سال کے روزوں کا ثواب ملتا ہے، پچاس برس کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے فرمایا جس نے آخری ذوالحجہ کو اور محرم کی پہلی تاریخ سے دس تاریخ تک اور محرم کے آخر مہینے کے روزے رکھے اس کو جنّت میں تیس شہر عنایت ہوں گے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس نے پہلی محرم سے دس محرم تک روزے رکھے اس کو ہزار برس خدا کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ حضور

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو دوزخ کی آگ سے بچنا چاہے وہ محرم کے دس روزے رکھے اللہ دوزخ کی آگ حرام کردے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے فرمایا جو شخص محرم کی پہلی رات کو آٹھ رکعت نفل نماز چار سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے دس بار سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیتا ہے اور ہر رکعت کے بدلے ایک سال کی عبادت کا ثواب دیتا ہے جو شخص محرم کی پہلی شب چار رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ہر رکعت کے بدلے ایک سال کا ثواب عنایت کرے گا۔ جو شخص دو رکعت نفل نماز پہلی رات میں پڑھے ہر رکعت میں سورۂ اخلاص ۷ سات بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں سو برس کی عبادت کا ثواب لکھتا ہے۔

ماہ صفر المظفر کی فضیلت

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھے بشارت دے ماہ صفر خیریت سے گزر جانے کی تو میں اس کو بشارت دوں گا جنت میں جانے کی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ایک حصہ بلائیں تمام سال میں نازل ہوتی ہیں مگر صفر میں نو حصے بلائیں آسمان سے اترتی ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ماہ صفر میں بلاؤں سے پناہ مانگا کرو اور عافیت وتندرستی کی دعا مانگا کرو اور کچھ صدقہ دیا کرو اور پہلی شب کو یا پہلی تاریخ چار رکعت نفل نماز پڑھا کرو اور ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پچاس بار سورۂ اخلاص پڑھا کرو اللہ تعالیٰ سب بلائیں دفع

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelo Mohamin Hyderabad Digitization eGangotri

کرے گا اس پر رحمتیں نازل فرمائے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص پہلی صفر کو بعد نماز ظہر چار رکعت نفل نماز پڑھے گا پہلی رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ بار سورہ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ دوسری رکعت میں سورہ اخلاص گیارہ بار تیسری میں گیارہ بار سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ چوتھی میں گیارہ بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے اور بعد سلام ستر بار سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم اور ستر بار دُرود شریف اور ستر بار اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن کہے سال بھر کی عبادت کا ثواب ملے گا اور سال بھر کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ و سلم نے فرمایا صفر کے آخر راتوں میں آٹھ رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں پندرہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اس کے لئے آٹھ بہشت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے جس میں سے چاہے داخل ہو اور پل صراط سے بہ آسانی گزر جائیگا۔ تذکرۃ الاوراد میں لکھا ہے کہ جو شخص آخری چہار شنبہ کے روز نو بجے تک غسل کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھے بعد نماز کے ۱۰۰ بار دُرود شریف اور ۱۰۰ بار استغفر اللہ پڑھے اللہ تعالیٰ سال بھر کی بلاؤں سے محفوظ رکھے گا اور ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا۔

ماہ ربیع الاولیٰ کی فضیلت

کتاب اوراد میں لکھا ہے کہ جب ربیع الاول کا چاند دیکھے اس رات ۱۶ سولہ رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص تین بار پڑھے اور بعد نماز کے یہ دُرود شریف پانچ سو ۵۰۰ بار پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرماتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

ایک روایت میں آیا ہے کہ بارھویں ربیع الاولیٰ کو دن میں یا رات میں ۱۰ رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اس کا ثواب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روح مقدس کو نذر پیش کرے اللہ تعالیٰ اُس کو جنّت نصیب کرے گا۔ کتاب اوراد میں لکھا ہے جو شخص ماہ ربیع الاولیٰ میں ۵۰۰۰ پانچ ہزار بار دُرود شریف حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روح مقدس کو پہنچائے گا اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گناہ معاف فرمائے گا اور قیامت میں حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔

ماہ ربیع الثانی کی فضیلت

کتاب جامعہ جی میں لکھا ہے جو شخص چاند دیکھ کر آٹھ رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد اِنَّـآ اَعْـطَيْـنَـا (سورۃ کوثر) تین بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص ۳ تین بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائیگا۔ بے حساب ثواب عطا فرمائے گا۔ جو شخص پہلی جمعرات کی شب میں غسل کر کے عطر لگا کر (۱۱) گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھے گا اس کا ثواب بے انتہا پاوے۔ جب چاہے کسی مریض پر ایک بار پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ اس کو شفا بخشے۔ یہ عمل کو اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھ کر شروع کرے۔

ماہ جمادی الاولیٰ کی فضیلت

جو شخص چاند رات کو دس رکعت نماز نفل پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ۱۰ دس سال کی عبادت کا ثواب عطا کرے گا اور جنّت نصیب کرے گا۔ ہر رکعت میں (۱۱) گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ ایک روایت میں لکھا ہے کہ چاند دیکھ کر بعد

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

نماز مغرب ۸ آٹھ رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے (۸۰۰) آٹھ سو بار سورۂ اخلاص پڑھے اس کو بے حساب نعمتیں عطا فرمائیگا۔

ماہ جمادی الثانی کی فضیلت

حضرت ابن حسانؒ سے روایت ہے کہ حضرت سید نام ابوبکر صدیقؓ اوّل شب میں بارہ رکعت نماز نفل پڑھتے تھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے (۵۰۰) پانچ سو بار سورۂ اخلاص پڑھتے تھے بعض روایت میں آیا ہے کہ ۲۰ بیس رکعت پڑھتے تھے اور روزے رکھتے تھے۔

ماہ رجب المرجب کی فضیلت

تحفۂ یمنی میں حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب رجب کا چاند دیکھتے تو فرماتے: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِی رَجَبٍ وَّشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا اِلیٰ شَھْرِ رَمَضَانَ یعنی اے اللہ ہم کو رجب و شعبان اور مضان تک بھی پہونچادے۔ جو شخص ماہ رجب کی پہلی و پندرھویں و ستائیسویں شب کو غسل کرے گا اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ ماہ رجب میں پانچ راتیں زیادہ متبرک ہیں پہلی اور پندرھویں ستائیس سے انتیس تک۔ حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اوّل شب بعد مغرب ۱۰ دس رکعات نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں تین بار قُلْ یَآ اَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخش دیگا اور قیامت میں شہیدوں کے ساتھ اُٹھائے گا اور عابدوں کے دفتر میں نام لکھا جائے گا اور پہلی جمعرات کو روزہ رکھے گا تو اس پر دوزخ کی

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammad Quadri Digitization eGangotri

آگ حرام کردے گا اس پر جنّت واجب کرے گا۔ کتاب میر الاصر میں لکھا ہے جو شخص ماہِ رجب میں بروز جمعہ عصر کے قبل چار رکعت نماز نفل ایک سلام سے پڑھے گا ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار سورۂ اخلاص سات بار پڑھے بعد نماز کے ۲۵ پچیس بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ اور ۱۰۰ سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَىُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ سَتَّارُالْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور (۱۰۰) بار دُرود شریف پڑھے جو حاجت اللہ تعالیٰ سے چاہے گا بر لائے گا اس کے سب گناہ معاف کردے گا۔

ماہ شعبان المعظم کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص شعبان کے مہینے میں کسی جمعہ کی رات چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص ۳۰ تیس بار پڑھے بعد نماز کے ۱۰۰ بار دُرود شریف پڑھے اس کا ثواب مجھے پہنچائے اللہ تعالیٰ اس کو ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب عطا کرے گا۔ جو شخص ماہ شعبان میں کسی بھی دن پانچ سو بار مجھ پر دُرود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو جنّت میں داخل کردے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے فرمایا جو شخص ماہ شعبان میں پانچ ہزار بار دُرود شریف پڑھ کر مجھے پہنچائے گا اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا اور قیامت میں مَیں اُس کا شفیع ہوں گا۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

ماہِ رمضان المبارک کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کی پہلی تاریخ سے آخر رمضان المبارک تک روزہ رکھا اس کے تمام گناہ معاف کیئے جاتے ہیں گویا وہ ابھی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے روز قرآن شریف پڑھے گا اس کو ایک ہزار برس کی عبادت کا ثواب ملے گا۔ جو شخص رمضان شریف میں قرآن شریف پڑھا کرتا ہے اس کو ثواب زیادہ ملتا ہے بہ نسبت دوسرے دنوں کے۔ جو شخص ایک پیسہ رمضان المبارک میں خیرات کرتا ہے اس کو ہزار پیسہ کا ثواب ملتا ہے۔ اس کا حساب نہیں کیا جاتا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص سحر کو اُٹھ کر یَـــا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ پڑھتا ہے اس کے گناہ معاف کیئے جاتے ہیں جو سحری کھایا ہر لقمہ پر ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

ماہِ شوال المکرّم کی فضیلت

کتاب فضائل الشھور میں لکھا ہے جو شخص اول شب میں چار رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص ۲۱ اکیس بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے واسطے آٹھوں دروازے جنّت کے کھول دے گا جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ جو شخص آٹھ رکعت نماز نفل اور رات میں یا دن میں پڑھے ہر رکعت میں ۲۵ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد نماز کے ۷۰ ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

ستر مرتبہ اَستَغفِرُاللّٰہ ۷۰ مرتبہ دُرود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اُس کی ستر حاجتیں پوری کرے گا اس کے لئے جنّت میں بہترین مکان عنایت فرمائے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص شوال میں ٦ چھ روزے رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایک سال کے روزوں کا ثواب عنایت کرے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے فرمایا جو شخص ٦ چھ روزے رکھے گا اس پر اللہ تعالیٰ دوزخ کی آگ کو حرام کردے گا اس کو چالیس شہیدوں کا ثواب ملتا ہے۔ یہ چھ روزے دوسری تاریخ سے رکھے یا متفرق تاریخوں میں کسی حال شوال کے آخر مہینے تک ختم کردے۔

ماہ ذوالقعدۃ الحرام کی فضیلت

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص اول شب ذوالقعدہ میں چار رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص تینتیس بار پڑھے بعد نماز کے ۱۰۰ سو بار دُرود شرف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو جنّت میں چار ہزار مکان یاقوت کے عنایت کرے گا۔ جو شخص ہر روز دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص تین بار پڑھے، بعد نماز کے گیارہ بار استغفار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کو ایک شہید اور ایک حج کا ثواب عطا فرمائے گا۔

ماہِ ذو الحجۃ الحرام کی فضیلت

حضرت ابی داؤد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ماہ ذوالحجہ میں چھ روز نہایت بزرگ ہیں، آٹھویں، نویں، دسویں، گیارہویں، بارہویں اور تیرھویں، جو شخص ان دنوں عبادت کرے گا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Quadri Digitization eGangotri

اللہ تعالیٰ اس کو بے انتہا ثواب عطا کرے گا۔ جو اس مہینے میں نو تاریخ تک روزے رکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ ہر روزے کے بدلے چار سو برس کی عبادت و روزوں کا ثواب عطا کرے گا۔ اور قرآن شریف پڑھے گا دوزخ کی آگ سے نجات پاوے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز پڑھے اوّل شب ماہ ذوالحجہ میں چار رکعت نفل، ہر رکعت میں بے انتہا نیکیاں لکھے گا۔ جو شخص ان دنوں میں ہر روز بعد وتر کے دو رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں اِنَّـــآ اَعْـطَیْنَا (سورۃ کوثر) تین بار، سورۂ اخلاص تین بار داخل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو مقام علیین میں۔ دسویں، گیارہویں، بارہویں، تیرہویں اور یہ چار دن کے روزے حرام ہیں۔

ہفتہ کے دن کی نماز کی فضیلت

روایت ہے حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز ظہر کے چار رکعت نماز نفل پڑھے، ہر رکعت میں بعد الحمد کے قُـلْ یَآ اَیُّھَاالکافرون تین بار اور سورۂ اخلاس تین بار بعد نماز آیۃ الکری تین بار پڑھے گا اُس کو اللہ تعالیٰ ہر حرف کے بدلے ثواب ایک حج کا اور ایک عمرے کا اور عنایت کرے گا اس کو ایک سال کی عبادت اور ایک شہید کا ثواب ملے گا۔

اتوار کے دن کی نماز کی فضیلت

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے فرمایا جو شخص بعد نمازِ ظہر کے چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد اٰمَـنَ الـرَّسُوْلُ ایک بار پڑھے۔ عطا کرے گا اس کے لئے ثواب

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

ہزار نماز کا اور عنایت کرے گا ثواب ایک نبی کی عبادت کا اور سرفراز فرمائے گا۔ ا
س کے لئے ایک اعلیٰ درجہ کا مکان جنت میں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ یاد نہ ہو تو گیارہ بار
ہر رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھے۔

پیر کے دن کی نماز کی فضیلت

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ و سلم نے فرمایا: جو شخص بعد طلوع آفتاب دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقْ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ایک ایک بار نماز کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ دس بار دُرود شریف دس دس بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف کردے گا۔

منگل کے دن کی نماز کی فضیلت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص منگل کے دن چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمدؔ آیۃ الکرسی ایک بار، سورۂ اخلاص تین بار نہیں لکھے جاتے ہیں اس کے لئے ستّر روز کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ ستّر روز کے گناہ اگر ستر روز میں مرا تو اس کو شہادت کا مرتبہ عطا کیا جاتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadari Digitization eGangotri

چہارشنبہ کے دن کی نماز کی فضیلت

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص آفتاب بلند ہونے کے بعد چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار سورہ اخلاص تین بار اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ایک بار پڑھے تو اس کو عرش معلّٰی کے پاس کا فرشتہ پکار کر کہتا ہے "اے اللہ کے بندے تیرے سب گناہ معاف کردیئے گئے اور تو عذاب دوزخ سے نجات پا گیا۔ تیرے قبر کی اندھیری اور تنگی دور کردی گئی اور قیامت کی سختیاں اُٹھالی گئیں۔

جمعرات کے دن کی نماز کی فضیلت

حضرت عکرمہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعرات کے دن ظہر و عصر کے درمیان میں دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے ۲۵ پچیس بار آیۃ الکرسی اور ۲۵ پچیس بار سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو رجب، شعبان و رمضان تین ماہ کے روزوں کا ثواب اور ایک حج کا ثواب عطا فرمائے گا۔

جمعہ کے دن کی نماز فضیلت

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ و سلم نے فرمایا: جو شخص آفتاب نکل کر اونچا ہونے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین بار، سورۂ اخلاص تین بار پڑھے اس کو

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

دوسونیکیاں ملتی ہیں اور ۲۰۰ دوسو بُرائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ جو شخص چار رکعت پڑھے چار سونیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ جو شخص آٹھ رکعت پڑھے آٹھ سونیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ آٹھ سو بُرائیاں مٹائی جاتی ہیں۔

ہفتہ کے رات کی نماز کی فضیلت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مغرب وعشاء کے درمیان بارہ رکعت نماز نفل پڑھے۔ الحمد کے بعد جو بھی چاہے وہ سورہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے واسطے جنّت میں ایک محل عطا کرے گا اور اس کے گناہ بخش دے گا۔

اتوار کی رات کی نماز کی فضیلت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص اتوار کی رات میں بعد نمازِ مغرب یا عشاء دس رکعت نفل نماز پڑھے اور بعد الحمد کے گیارہ بار سورۂ اخلاص ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ایک بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ جنّت میں ایک محل عطا کرے گا۔ اس کی دُعا قبول فرمائیگا جنّت میں ہمراہ نبیوں کے داخل کرے گا۔ بعد نماز کے ۱۰۰ سو بار استغفر اللہ اور ۱۰۰ بار دُرود شریف پڑھے۔

پیر کی رات کی نماز کی فضیلت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پیر کی رات میں جس وقت

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammad Hyderabad India

چاہے چار رکعت نماز پڑھے، ہر رکعت میں بعد الحمد کے (۲۱) اکیس بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد نماز ۱۰۰ سو بار دُرود شریف اور ۱۰۰ سو بار استغفر اللہ پڑھے، پس اللہ تعالیٰ سے جو حاجت چاہے وہ پوری ہوگی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے پندرہ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو شہادت کا مرتبہ عطا کرے گا اور ایک حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔

منگل کی رات کی نماز کی فضیلت

حدیث شریف میں لکھا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص منگل کی رات میں چار رکعت نماز نفل پڑھے بعد الحمد کے اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ پانچ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایک مکان جنّت میں اس کے لئے بنائے گا۔ وہ مکان دنیا کی وسعت کے برابر ہوگا۔

چہارشنبہ کی رات کی نماز کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چہارشنبہ کی رات میں دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ دس بار اور دوسری رکعت میں قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاس دس بار، اُترتے ہیں اس کے واسطے ستّر (۷۰) فرشتے آسمان سے، لکھتے ہیں ثواب اس کا قیامت تک۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

جمعرات کی رات کی نماز کی فضیلت

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعرات کی رات میں دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی پانچ بار اور سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے اور بعد نماز کے سو بار دُرود شریف اور پندرہ بار استغفر اللہ پڑھے اس کا ثواب حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روح مبارک کو پہنچائے اور اپنے ماں باپ کی ارواح پر بخشے تو جو حق ماں باپ کا اس کے ذمّے تھا ادا ہو جائے گا۔ اگرچہ اس نے نافرمانی کی ہو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیزیں عطا کرے گا جو صدیقین کو عطا فرمائے گا۔

جمعہ کی رات کی نماز کی فضیلت

روایت ہے کہ حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کی رات درمیان مغرب اور عشاء کے بارہ رکعت نفل نماز پڑھے، ہر رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے اور بعد نماز کے سو بار دُرود شریف اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سو بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو بارہ برس کی نمازوں کا ثواب عطا فرماتا ہے اور شب بیداری کا ثواب سرفراز فرماتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammad Quadri Digitization eGangotri

صلوٰۃ التّسبیح کی فضیلت

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے چچا کیا تم کو ایسی نماز نہ بتاؤں جس کے پڑھنے سے تمہارے اگلے اور پچھلے، پُرانے اور نئے، دانستہ اور نادانستہ پوشیدہ اور ظاہر چھوٹے یا بڑے گناہ معاف کردیئے جائیں۔ اللہ تعالیٰ تم کو بخش دیں۔ چار رکعت نماز نفل صلوٰۃ تسبیح کے نام سے پڑھے، ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھ کر پندرہ (۱۵) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ (سورہ فاتحۃ) الحمد اورکوئی بھی سورہ پڑھ کر پھر دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھ کر رکوع کرے، رکوع کی تسبیح پڑھ کر دس (۱۰) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے۔ پھر رکوع سے اُٹھ کر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے۔ پھر سجدہ کرے۔ سجدہ کی تسبیح پڑھ کر دس (۱۰) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے۔ پھر دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ میں (۱۰) دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے۔ پھر سجدہ کرے، سجدہ کی تسبیح کے بعد پھر دس (۱۰) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے۔ ایسا ہی چار رکعت پڑھے۔ چار رکعتوں میں جملہ تین سو (۳۰۰) بار ہوتے ہیں۔ بعد نماز کے پچاس بار دُرود شریف پڑھے۔ بعض بزرگوں نے سورۂ الحمد کے بعد پہلی رکعت میں سات مرتبہ سورۂ اخلاص، دوسری رکعت میں پانچ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ چونکہ تین بار سورۂ اخلاص پڑھنے سے ایک قرآن مجید پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ یہ نماز روزانہ کسی وقت میں بھی ہو دن میں یا رات میں، پڑھا کرے۔ روزانہ یا نہیں تو آٹھ روز میں ایک

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

بار یا مہینے میں ایک بار یا سال میں ایک بار یا تمام عمر میں ایک بار پڑھے۔ یہ نماز آدھے گھنٹہ میں ہو جاتی ہے۔ اس نماز کا بہت ثواب ہے مختصراً لکھا گیا ہے۔

اشراق کی نماز کی فضیلت

روایت میں آیا ہے کہ اشراق کی نماز کی دو رکعت بھی ہیں اور چار رکعت بھی جو شخص فجر کی نماز پڑھ کر اُسی مقام پر بات کیئے بغیر ذکر الٰہی یا تلاوت قرآن مجید میں مشغول رہ کر آفتاب ذرا اونچا ہونے کے بعد دو رکعت یا چار رکعت نفل نماز پڑھے اور سورہ جو چاہے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب عطا فرمائے گا اور گناہ اس کے معاف کردیئے جائیں گے اگرچہ کفِ دریا کے برابر ہوں۔ اور شام تک وہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

چاشت کی نماز کی فضیلت

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پہر دن چڑھنے یعنی نو بجے، چھ ہو یا بارہ رکعت نماز پڑھے اور سورہ جو چاہے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے واسطے ایک محل جنّت میں عطا فرمائے گا اور تمام گناہ معاف کردے گا۔

اوّابین کی نماز کی فضیلت

روایت ہے کہ حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ و سلم نے فرمایا: جو شخص مغرب کی نماز کے بعد چھ رکعت نماز نفل اوّابین کے نام سے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

دو، دو، رکعت سے پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ ایک بار، دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص ایک بار پڑھے۔ یہ نماز پڑھنے والے کو بارہ سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ بعض روایت میں پچاس سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ ایک روایت میں ایک حج کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ ایک روایت میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جنّت میں ایک محل عطا کرے گا۔

حِفظِ ایمان کی نماز کی فضیلت

رکن دین میں لکھا ہے کہ حفظِ ایمان کی ۲ دو رکعت ہیں بعد نماز مغرب حفظِ ایمان کے نام سے دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار سورۂ اخلاص تین بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ایک بار دونوں رکعتوں میں پڑھے۔ بعد نماز کے سجدہ میں یہ دعا سات بار مانگے اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ۔ اس کے پڑھنے والے کا ایمان سلامت رہے گا یعنی وہ شخص باایمان مرے گا۔

ضغطۂ قبر کی نماز کی فضیلت

ضغطۂ قبر کی دو (۲) رکعت ہیں جمعہ کی رات میں دو رکعت نماز نفل ضغطۂ قبر کے نام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پندرہ مرتبہ پڑھے اور دونوں رکعتوں میں یہی سورۃ پڑھے۔ اس نماز کے پڑھنے والے کو قبر نہ دبائے گی اور قبر کشادہ ہوگی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کو عذاب میں بھی آسانی ہوگی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

تہجد کی نماز کی فضیلت

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: رحم کرے اللہ تعالیٰ اس مرد اور عورت پر جو اٹھ کر نماز پڑھتے ہیں' ان کا نام ذاکرین میں لکھا جاتا ہے۔ فرض نماز کے بعد تہجد کی نماز سے بڑھ کر کوئی نماز نہیں۔ رات کے دو رکعت نماز خلوصیت واطمینان سے بغیر دکھاوے کے پڑھے۔ دن کی ہزار رکعتوں سے بہتر ہے۔ تہجد کی دو رکعت' چار رکعت' چھ رکعت' آٹھ رکعت' دس رکعت یا بارہ رکعت پڑھیں ثواب ہی ثواب ملے گا۔ الحمد کے بعد جو چاہے سورہ پڑھے۔ بزرگانِ دین اس طرح پڑھتے ہیں۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ' دوسری رکعت میں گیارہ مرتبہ' تیسری رکعت میں دس مرتبہ' چوتھی رکعت میں نو مرتبہ۔ اس طرح ایک ایک کم کرتے جائیں' یا نہیں تو اس طرح پڑھے۔ پہلی رکعت میں پانچ مرتبہ' دوسری رکعت میں چار مرتبہ' اس طرح دو رکعتوں میں نو مرتبہ ہوتے ہیں۔ تین قرآن شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ نماز کے بعد سو مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔

شب عاشورہ و روز عاشورہ کی فضیلت

محرم کی نویں تاریخ کو دسویں شب ہوتی ہے جس کو شب عاشورہ کہتے ہیں۔ جو شخص اس رات چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں ۲۵ پچیس بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ معاف فرماتا ہے۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ ایک بار قُل یا ایھا الکافِرون ایک بار اور سورۂ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

اخلاص ایک بار پڑھے۔ بعد نماز ستّر بار دُرود شریف پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گُل گناہ معاف فرمائے گا۔

عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جو شخص شبِ عاشورہ میں صبح کے قریب چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سات بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف فرمائے گا اور جنّت میں سب نعمتوں سے سرفراز فرمائے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عاشورہ کے روز یعنے دس محرم کو روزہ رکھے اس کو اللہ تعالیٰ دس ہزار فرشتوں کی عبادت کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اوراد میں لکھا ہے کہ جو شخص عاشورہ کے روز' روزہ رکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ دس ہزار شہیدوں اور دس ہزار حاجیوں کا ثواب عنایت کرتا ہے۔ جو شخص عاشورہ کی رات میں بیدار رہے تسبیح و تہلیل میں اور دسویں تاریخ کو روزہ رکھے اللہ تعالیٰ اس کو ساٹھ سال کی عبادت کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ دسویں محرم جو یوم عاشورہ ہے نماز ظہر کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے ۲۵ پچیس بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پچیس برس کے گناہ معاف فرمائے گا جنّت میں ۲۵ پچیس محل نور کے عنایت فرمائے گا۔ دسویں محرم کو نہانا ئسُر مہ لگانا وُرود شریف پڑھنا بہت ثواب ہے۔

شب معراج وروز معراج کی نماز کی فضیلت

رجب کی چھبیس تاریخ کو ستائیسویں شب ہوتی ہے۔ اوراد میں لکھا ہے کہ اس رات میں بارہ رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد ستائیس بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد نماز کے سو بار دُرود شریف سو بار کلمہ تمجید' سو بار

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Qadri Digitization eGangotri

استغفار پڑھ کر سجدہ میں جا کر جو دُعا مانگے قبول ہوگی اور پانچ سو بار دُرود شریف پڑھ کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روحِ مبارک کو پہنچائے' دوسرے روز یعنے ستائیس کو روزہ رکھے اللہ تعالیٰ اس کو ایک نہر سے پانی پلائے گا جو شہد سے زیادہ میٹھا برف سے زیادہ ٹھنڈا' دودھ سے زیادہ سفید ہوگا۔ اور جو شخص ستائیس کو روزہ رکھے اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا۔ اور جنّت سرفراز فرمائے گا۔

شب برات کی نماز کی فضیلت

شعبان کی چودھویں تاریخ پندرھویں شب ہوتی ہے۔ اس کو شب برات کہتے ہیں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: اس رات میں عبادت کرو اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ بنی کلب کی بکریوں کے بال کے برابر اپنے بندوں کو دوزخ سے نجات دیتا ہے۔ دوزخ سے نکال کر جنّت میں داخل کرتا ہے۔ یعنی اس رات میں کروڑہا آدمی بخشے جاتے ہیں۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے اے بندو! آج کی رات تم مجھ سے بخشش مانگو میں تم کو ضرور بخشوں گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: یہ رات نہایت بزرگ ہے۔ رحمت کے فرشتے آسمان سے اُترتے ہیں۔ جو لوگ عبادت کرتے ہیں ان کو گھیر لیتے ہیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص دوزخ کی آگ سے بچنا چاہے وہ اس رات میں عبادت کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے۔ شب رات میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لئے تین دروازے کھول دیتا ہے۔ جو دعا مانگو وہ دعا قبول ہوتی ہے۔ شراب و سیندھی پینے والے اور بخیل و زانی کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ مگر وہ جو توبہ کرلے اپنے گناہوں سے اور پھر وہ کام نہ کرے۔ اس رات میں غسل کرنا عبادت کی نیت سے مستحب ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Quadri Digitization eGangotri

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شب برات میں غسل کرے گا ہر قطرہ پانی کے بدلے میں ۷۰۰ سات سو رکعت نفل نماز کا ثواب ملے گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس رات میں آٹھ رکعت نفل نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰا ایک بار، سورہ اخلاص ۲۵ پچیس بار پڑھے اللہ اس کے گناہ معاف کردے گا، گویا وہ آج ہی پیدا ہوا ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پندرہویں رات میں چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص پچیس یا پچاس بار پڑھے اس کے پچیس یا پچاس برس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سو رکعت اس رات میں پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص دس بار پڑھے، حلال کریگا اس کے لئے جنّت اور حرام کرے گا اس پر دوزخ کو۔ حضرت شیخ ابوالقاسم صفار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ، میں نے ایک رات بی بی فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ اے خاتونِ جنّت! آپ کس چیز کو دوست رکھتی ہیں جو آپ کی روح مُبارک پر پڑھ کر نذر بھیجوں؟ تو بی بی خاتونِ جنّت نے فرمایا: "اے ابوالقاسم! ماہ شعبان میں آٹھ رکعت نفل نماز ایک سلام کے ساتھ پڑھنا۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھنا اس کا ثواب میری روح کو پہنچانا۔

اے ابوالقاسم! جب تک تجھ کو نہ بخشاؤں اور جنّت میں نہ داخل کراؤں میں جنّت میں قدم نہ رکھوں گی۔

اس نماز میں آٹھ رکعت کی نیت باندھنا، چار قعدہ کرنا۔ آدھا التحیات پڑھ کر اٹھنا آخر میں الم پڑھ کر سلام پھیرنا۔ یہ نماز پہلی شعبان سے پڑھ سکتے ہیں۔ مگر بہتر یہ ہے کہ شب برات ہی میں پڑھی جائے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

شبِ قدر کی نماز کی فضیلت

رمضان المبارک کی چھبیس تاریخ ستائیسویں شب کو شب قدر ہوتی ہے۔

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس رات میں بیدار ہو کر تسبیح و تہلیل و نماز میں وقت گزارتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ستائیس سال کی عبادت کا ثواب عطا کرتا ہے۔ جنّت میں بہترین محل عنایت فرماتا ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رات بھر جاگ کر تسبیح و تہلیل، نماز و دُرود میں وقت گزارے گا اس کو جنّت میں لے جانے کا ضامن ہوں۔ جو شخص تلاوت قرآن میں مشغول ہوگا بہت ثواب پائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ یعنے شبِ قدر ہزار مہینے کی راتوں سے بہتر ہے۔ جو شخص اس رات میں عبادت کرے گا ہزار مہینوں کی عبادت سے زیادہ ثواب دوں گا۔ یہ بھی حضورِ انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رات بھر بیدار رہ کر تسبیح و تہلیل عبادت دُرود تلاوتِ قرآن میں گزارے گا، اللہ تعالیٰ اس کو سو برس کی عبادت کا ثواب عطا کریگا۔

حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص شبِ قدر میں عبادت کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کرے گا۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شبِ قدر میں چار رکعت نماز نفل پڑھے، ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَا ایک بار سورۂ اخلاص ستائیس بار، معاف کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو، گویا آج ہی پیدا ہوا اپنی ماں کے پیٹ سے اور عطا کرے گا اللہ تعالیٰ ہزار محل اس کو ہزار محل بہشت میں اور ایک حدیث شریف میں وارد ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دو رکعت نماز نفل شبِ قدر میں پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے اِنَّآ اَنْزَلْنَا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Quadri Digitization eGangotri

ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھے۔ قبول کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے روزوں کو اور عطا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو بہشت میں اعلیٰ مقام۔ حضرت حضور انور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شب قدر میں چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد اِنّآ اَنْزَلْنا ایک بار سورۂ اخلاص پچیس بار یا پچاس بار، معاف کرے گا اللہ اس کے تمام گناہ معاف کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں ایک شہر جس میں ہزاروں محل اور ہزاروں حور و غلماں جو اس کی خدمت میں رہیں گے۔ شب قدر میں غسل کرنا بھی ثواب ہے۔

شبِ عرفہ کی نماز و روزہ کی فضیلت

ذی الحجہ کی آٹھ تاریخ کو شب عرفہ کہا جاتا ہے۔ رات گزرنے کے بعد صبح نو ذی الحجہ ہوتی ہے۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شب عرفہ میں سو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ اخلاص تین بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے گا۔ جو شخص شب عرفہ میں سولہ رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے ایک بار آیت الکرسی اور پندرہ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہر رکعت کے بدلے ایک شہید کا ثواب عطا کرے گا۔ حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: فضیلت دی اللہ تعالیٰ نے عرفہ کے دن کو سب دنوں پر۔ جو شخص عرفے کے دن روزہ رکھ کر دعا مانگے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔ جو شخص عرفہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے ۲۵ پچیس بار یا پچاس بار سورۂ اخلاص۔ معاف کرے گا اللہ تعالیٰ تمام گناہ اور قبول کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی دعا اور عطا کرے گا اس کو دو ہزار غلام آزاد کرنے کا اور دو ہزار اونٹ قربانی کرنے کا ثواب۔ اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف کرے گا گویا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelo Mohammed Quadri Digitization eGangotri

یہ ہفتہ وار دعائیں ہیں۔ ہر دن کے اسماء الٰہی علیحدہ ہیں۔ یہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان کے گناہ معاف فرماتا ہے۔ان کی حاجتیں برلاتا ہے۔

یہ اسماء الٰہی ہیں جو شخص ہر روز بعد نماز صبح دوسو بار پڑھتا ہے۔ ہر بلا سے محفوظ رہتا ہے۔جس مریض پر پڑھ کر دم کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو شفا بخشتا ہے۔

بروز شنبہ	یَا شَدِیْدُ یَا قَوِیُّ	۲۰۰ دوسو بار
بروز یکشنبہ	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	۲۰۰ دوسو بار
بروز دوشنبہ	یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ	۲۰۰ دوسو بار
بروز سہ شنبہ	یَا حَلِیْمُ یَا رَحِیْمُ	۲۰۰ دوسو بار
بروز چہار شنبہ	یَا کَرِیْمُ یَا جَوَّادُ	۲۰۰ دوسو بار
بروز پنجشنبہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	۲۰۰ دوسو بار
بروز جمعہ	یَا اَللّٰهُ یَا کَافِیُّ یَا غَنِیُ	۲۰۰ دوسو بار

جس قدر جلد ممکن ہو سکے

اپنی زندگی، اپنی دنیا اور آخرت سُدھار لیجئے کہیں ایسا نہ ہو کہ وقت ہاتھ سے نکل جائے اور پھر کفِ افسوس ملنا پڑے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

حَامِدًا وَّ مُصَلِّیًا وَّ مُسَلِّمًا

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ ذِی لْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ

مجھ فقیر پُر تقصیر سیّد شاہ عبدالرزّاق قادری لااُبالی الجیلانی سے بعض احباب نے یہ خواہش ظاہر کی کہ نماز و تلاوتِ قرآن شریف اور شب و روز کی عبادات کے فضائل پر ایک رسالہ لکھوں، تا کہ عام مسلمان کو فائدہ اور ثواب حاصل ہو۔

حُصول جنّت کے لئے اعمالِ صالحہ کی سخت ضرورت ہے، اس لئے میں نے بغرض حصول ثواب (یہ رسالہ) مندرجہ ذیل کتابوں سے اخذ کر کے تحریر کیا ہے تا کہ لوگ اس پر عمل کر کے ثواب حاصل کریں اور دعا میں اس فقیر کو بھی شامل کر لیں۔

بخاری شریف	مُسلم شریف	ترمذی شریف	ابوداؤد شریف
نسائی شریف	لطائف المنن	کفایہ شعبی	فضائل الشہور وصیام
معارج النبوۃ	انوار احمدی	انیس الواعظین	غنیۃ الطالبین
تذکرۃ الاوراد	تحفہ یمن	میر الاصر	الاوراد

سیّد شاہ عبدالرزّاق قادری لااُبالی الجیلانی

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri / Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

مطبوعاتِ دار الھدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبدالرزاق قادری لا ابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجّاد عفی عنہ

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف رمولف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیرِ نو	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح الطائف السودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	
۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	
۱۵	مختصر تاریخِ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad / Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

۱۶	تذکرہ اجداد ہادی	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادئ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	
۱۹	تربیتی واصلاحی دروس	حضرت ہادئ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلّہ قادریہ	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادئ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیرالبشر رسولؐ	حضرت ہادئ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادئ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقہ نادی الہادی	حضرت ہادئ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادئ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادئ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادئ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال و حرام	حضرت ہادئ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	ڈسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	
۳۳	ہادی القرآن	حضرت ہادئ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادئ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	
۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادئ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	
۳۶	بزمِ قادریہ ۱۴۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبداللہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

۳۷	لفظ لفظ لؤلؤ	حماد پاشاہ و مقناد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۴۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۴۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقبِ غوث الثقلینؓ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰	اپریل 2009	
۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲	اپریل 2011	مناقب سرکار لا ابالیؒ
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	
۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۴۳۴+۱۴۳۳	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ
۵۰	جواہر قادریہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولی ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ
۵۲	دُرِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۳	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri
Collection of Mohammad Hyderabad Digitization

۵۴	گلدستہ قادریہ لاابالیہ ۱۴۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۵	ارشادات قبول (فارسی)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	عُرس	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	عاشق	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقۃ المہیمن (خورد)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰ نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت الٰہی (فارسی)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۲ نومبر 2019	فارسی سے اردو
۶۰	صندل	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہ جنت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	نغمِ غوثِ صمدانی قصیدہ غوثیہ کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۳	طرسِ رحمانی دعائے سُریانی کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۴	یا جیلانیؒ مناقب غوث اعظمؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۳ھ
۶۵	مناقبِ قطب دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۳ھ
۶۶	تکبر اور اُس کے اسباب	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۰ھ
۶۷	گلشن نعت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۷ھ
۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۶۹	نصرت اثر منظوم سراپا۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۰	شکر گزار منظوم سی حرفی۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Digitization eGangotri
Collection of Sahib Hyderabad

۷۱	فخرِ گلستان منظوم کلمات۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۲	تخیلات عرض داشت قمرؔ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۳	مُرتاض مناقب فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۴	طشت اذکار	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقة المهيمن عربی، اردو	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

Raah-e-Jannat

Author
Hazrat Fakhre Aauliya
Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali
Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

Murattib
Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laoubali
Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Al-Jeelani Sajjad
Sajjadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb
Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam
Syed Abdul Mutaal Quadri Laoubali
(Hammad Saheb)

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri